# اردو سلسلہ ابتدائی سال اوّل



Butterfly
and friends

# اردو سلسلہ ابتدائی سالِ اوّل

| | |
|---|---|
| تحریر و ترتیب | EAST ریسرچ ڈیپارٹمنٹ |
| ڈیزائننگ | EAST ڈیزائننگ ڈیپارٹمنٹ |
| مینیجنگ ڈائریکٹر | رائد افضل |

EAST
MONTESSORI & PRIMARY CURRICULUM
عالمی معیار، مسلم اقدار

یہ کتاب ''انٹرنیشنل کامن کور اسٹینڈرڈز'' کے مطابق تیار کی گئی ہے۔


**جملہ حقوق محفوظ ہیں۔**
اِس کتاب کا کوئی حصہ نقل، فوٹو کاپی، محفوظ یا ترسیل کرنے کی اجازت نہیں۔ پاکستان میں شائع کی گئی۔


۸۵۰ سے زیادہ اسکولوں میں ایسٹ کی کتابیں پڑھائی جا رہی ہیں۔


ہیڈ آفس:
B-29 ، بلاک 3، گلشنِ اقبال، کراچی۔
021-34990387, +92 335 2030338
http://east.education

کراچی: 021-34970331, +92 334 1009838
لاہور: 042-37111256, +92 312 4685035
اسلام آباد: +92 343 3552713
سیالکوٹ: +92 332 8600983
فیصل آباد: +92 321 6677645
ملتان: +92 334 6126479
گوجرانوالہ: +92 301 8645707
اسکردو: +92 346 8484149
حیدر آباد: +92 336 1863665



PCTB
1701227801
Punjab Curriculum & Textbook Board
21-E/II, Gulberg-III, Lahore.
Date: 17-01-2022

Book Cover Designed by
NAQQASH Concepts & Designs

# اردو سلسلہ ابتدائی سال اوّل



تاریخ ________





مقصد: آواز 'ب' کا تعارف

برائے اساتذہ: بچوں کو بلی، بندر، بطخ، بوتل، بوٹی، بالٹی اور بادل سے ملا کر دی گئی تصویر پر کہانی سنائیے۔


تاریخ ____________









بندر



بطخ



بلی


بندر ، بطخ ، بلی خالہ
’ب‘ کے نیچے نقطہ ڈالا


مقصد: ’ب‘ کی پہچان


برائے اساتذہ: بچوں کو آواز ’ب‘ سے شروع ہونے والی چیزیں دکھایئے ان کے نام اور شروع کی آواز پوچھیے۔

تاریخ ____________












بلی






مقصد: 'ب' کی مشق

برائے اساتذہ: بچوں کو پہلے ہوا میں، ریت پر اور بورڈ پر حرف لکھوائیے اور پھر کتاب پر مشق کروائیے۔

تاریخ ____________



مقصد: آواز 'ب'، 'پ'، 'ت' اور 'ٹ' کا اعادہ

برائے اساتذہ: بچوں سے تصویروں کی شروع کی آواز پوچھیے اور حروف کو ان کی درست تصویروں سے ملانے میں بچوں کی مدد کیجیے۔

تاریخ ____________

سنیے

رنگ بھریے





مقصد: آواز 'ا' کا تعارف

برائے اساتذہ: بچوں کو جھنڈا، ڈنڈا، تارا، گھوڑا اور کنارا سے ملا کر دی گئی تصویر پر کہانی سنائیے۔


تاریخ ______________





گھوڑا





جھنڈا

تالا

گھوڑا جھنڈا لے کر بھاگا


'ا' ہے اونچا سیدھا سادا


مقصد: آواز 'ا' کی پہچان


برائے اساتذہ: بچوں سے آواز 'ا' پر ختم ہونے والی مزید چیزوں کے نام پوچھیے۔

تاریخ ____________












گھوڑا






مقصد: ' ا ' کی مشق

برائے اساتذہ: بچوں کو پہلے ہوا میں، ریت پر اور بورڈ پر حرف لکھوائیے اور پھر کتاب پر مشق کروائیے۔

تاریخ ___________







ا



و



ی







ے




مقصد: آواز 'ا'، 'و'، 'ی' اور 'ے' کااعادہ





برائے اساتذہ: بچوں سے تصویروں کی آخر کی آواز پوچھیے اور حروف کو ان کی درست تصویروں سے ملانے میں بچوں کی مدد کیجیے۔











تاریخ ____________




ب   خ  




پ   د  

ت   ڈ  

ٹ   ر  

ج   ز  

چ   س  

ح   ش  

مقصد: آوازوں کا اعادہ

برائے اساتذہ: بچوں کو درست تصویر پر دائرہ لگانے پر شاباشی دیجیے۔

## ''ب'' کی کہانی

آسمان پر بادل تھے۔ بچے باغ میں کھیل رہے تھے۔ پھر بچے تھک گئے اور گھر چلے گئے۔ اب بندر، بطخ اور بلی باغ میں آ گئے۔ انھوں نے دیکھا کے بچے باغ میں ایک پانی بھری بالٹی، بوٹیاں اور بوتل چھوڑ گئے ہیں۔ بطخ بولی،'' میں تو بالٹی میں نہاؤں گی۔ مجھے نہانا اچھا لگتا ہے۔ نہانے سے ہم صاف ہو جاتے ہیں۔ یہ کہہ کر بطخ بالٹی میں بیٹھ گئی اور نہانے لگی۔ بلی نے بوٹیاں دیکھیں تو بولی،'' مجھے بھوک لگ رہی ہے۔ میں بوٹیاں کھاؤں گی۔'' اونے بندر کو آواز دی'' بندر بھائی آؤ مل کر بوٹیاں کھاتے ہیں۔ آدھی تمہاری، آدھی میری۔ کھانا بانٹ کر کھانے سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتے ہیں۔ ارے! یہ کیا بندر بھائی تو بیٹھے بوتل پی رہے تھے۔ بلی نے بندر بھائی کو دیکھا تو انہیں سمجھانے لگی،'' بندر بھائی بوتل نہ پیو۔ یہ صحت کے لیے اچھی نہیں ہوتی۔ بندر بھائی بولے،'' کیا کروں مجھے پیاس لگ رہی ہے۔'' یہ سن کر بطخ بولی،'' ارے! بندر بھائی بس پانی پیو۔۔۔ پانی۔۔۔۔ یہ سن کر سب ہنسنے لگے۔

(زندگی گزارنے کی مہارت: اشتراک کرنا)

## ''پ'' کی کہانی

گھر کے صحن میں پلنگ پر دادی جان اور احمد بیٹھے تھے۔ صحن میں میز پر امّی نے پتیلے میں دودھ ٹھنڈا کرنے کے لئے رکھا تھا۔ دادی جان پالک اور پیاز کاٹ رہی تھیں اور احمد دادی جان کو پنکھا جھل رہا تھا۔ احمد نے منہ بناتے ہوئے پوچھا،'' آج کھانے میں پالک کی سبزی بنے گی؟'' دادی جان نے مسکراتے ہوئے جواب دیا،'' جی بیٹا'' '' دودھ ٹھنڈا ہو جائے تو میں تو بس دودھ پی کے پیٹ بھر لوں گا۔'' احمد نے کہا۔ دادی جان احمد کو سمجھاتے ہوئے بولی،'' یہ تو بہت اچھی بات ہے کے آپ کو دودھ پسند ہے لیکن آپ کو پالک بھی کھانی چاہیے۔ پالک ہمارے لئے بہت فائدہ مند ہے۔ پالک کھانے سے خون بنتا ہے۔'' احمد دادی جان کی بات غور سے سن رہا تھا۔'' اچھا یہ ہرے ہرے پتے اتنے فائدہ مند ہیں۔ میں پالک ضرور کھاؤں گا۔'' احمد بولا۔ صحن میں موجود پیارے سے درخت پر ایک پیلا پتنگا بیٹھا ہوا یہ ساری باتیں سن رہا تھا۔ وہ اپنے پَر ہلا رہا تھا اور گا رہا تھا۔۔۔۔

| | |
|---|---|
| پیلا پتنگا ، پیلا پتنگا | دودھ پی ، پالک کھا |
| گا تا جا بھائی، گا تا جا | پَر ہلا اور گا تا جا |

قریب ہی ایک پودے کے پیچھے سے ایک پرندہ اُڑ کر پتنگے کے پاس آ بیٹھا۔ اُس نے یوں پتنگے کو گاتے سنا تو پوچھا،'' کیا تم دودھ پیتے ہو اور پالک کھاتے ہو؟'' پتنگا بولا،'' نہیں نہیں۔'' پرندے نے پوچھا،'' تو پھر کیوں کہہ رہے ہو کی دودھ پی اور پالک کھا؟'' پتنگا زور سے ہنسا اور بولا،'' یہ تو میں دادی جان کی بات سن کر کہہ رہا ہوں۔ وہ دیکھو میز پر پتیلے میں دودھ رکھا ہے اور دادی جان پالک کاٹ رہی ہیں۔ اس لئے میں بچوں سے کہہ رہا ہوں کہ دودھ پی اور پالک کھا۔'' یہ کہہ کر پتنگے نے اپنے پَر کھولے اور اُڑ گیا۔

(زندگی گزارنے کی مہارت: صحت مند طرزِ زندگی)

## ''ت'' کی کہانی

تتلی باجی کو پڑھانے کا بہت شوق تھا۔ وہ روز باغ میں چلی جاتیں اور سب تتلیوں کو جمع کر کے پڑھانا شروع کر دیتیں۔ سب تتلیاں تتلی باجی کو دیکھ کر گانا شروع کر دیتیں:

| | |
|---|---|
| تتلی باجی بڑی سیانی | ہم سب کو پڑھاتی ہیں |
| ہم سب کی ہیں وہ اُستانی | قابل ہمیں بناتی ہیں |

ایک دن تتلی باجی تین تتلیوں توتی، تارہ، تیکھی کو پڑھا رہی تھیں کہ ایک تیتر بھی باغ میں آ گیا۔ اور ٹہنی پہ بیٹھ کر دیکھنے لگا کہ تتلی باجی کیا کر رہی ہیں۔ تتلی باجی نے بورڈ پر دو تصویریں بنائیں اور پھر تینوں تتلیوں سے کہا: یہ تلوار ہے، تلوار، تلوار اور یہ تیر ہے، تیر، تیر۔ توتی، تارہ اور تیکھی زور زور سے گانے لگیں:

| | |
|---|---|
| تیر سے نہ تلوار سے | ہم تو پڑھیں گے پیار سے |

تیتر کو تتلی باجی کی باتیں اچھی لگیں۔ اور وہ کہنے لگا میں بھی پڑھوں گا۔ تتلی باجی مجھے بھی پڑھائیں۔ مجھے پڑھنا آ گیا تو میں آپکو ایک بڑی اچھی جگہ لے کر چلوں گا۔ تتلی باجی مان گئیں۔ اور اس طرح توتی، تارہ، تیکھی اور تیتر مل کر پڑھنے لگے۔ پھر ایک دن تیتر اُن سب کو تالاب کے کنارے تربوزوں کے کھیت پر لے گیا۔ تتلیاں تربوز دیکھ کر بہت خوش ہوئیں۔ اور کہنے لگیں ہم اسکا رَس کیسے پئیں؟ یہ تو بہت سخت ہے۔ تیتر نے کہا فکر مت کرو میں اپنی چونچ سے اس میں سوراخ کر دوں گا اور تم سب اس میں سے رَس پی لینا۔ سب تتلیوں نے تربوز کا رَس پیا اور تیتر کا شکریہ ادا کیا۔

(زندگی گزارنے کی مہارت: عوام الناس کی خدمت)

## ''ٹ'' کی کہانی

ٹِپ ٹِپ بارش ہو رہی تھی۔ بارش ہلکی ہوئی تو احمد بازار جانے کے لئے گھر سے نکلا۔ احمد نے دیکھا کہ درخت کی ٹہنی پر ایک چھوٹا سا ٹڈا بیٹھا ہوا ہے جو پورا بھیگا ہوا ہے۔ اُس درخت کہ پتّوں سے مسلسل پانی ٹپک رہا تھا۔ احمد نے ٹڈے کو اٹھا کر دوسرے درخت کی سوکھی ہوئی ٹہنی پر رکھ دیا۔ ٹڈے کی مدد کر کے احمد کو بہت اچھا لگا۔ راستے میں احمد نے اپنے دوست کے نانا جان کو دیکھا جو کچھ پریشان لگ رہے تھے۔ نانا جان کے ہاتھ میں ٹوکری بھی تھی۔ احمد نے نانا جان کے پاس گیا اور بولا،'' اسّلام وعلیکم!'' نانا جان نے پیار سے جواب دیا،'' وعلیکم اسّلام! احمد بیٹا کیسے ہو؟'' احمد بولا،'' جی، میں ٹھیک ہوں۔ آپ کہاں جا رہے ہیں؟'' نانا جان بولے،'' بیٹا، میں ٹماٹر لینے آیا تھا۔ ٹماٹر کی ٹوکری بہت بھاری ہے اسے سنبھالنے لگا تو میری ٹوپی ہوا سے دور جا گری۔'' نانا جان نے دور گری ٹوپی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔ احمد نے فوراً کہا،'' آپ پریشان نا ہوں میں ٹوپی اٹھا کے لاتا ہوں۔'' احمد نے جا کے ٹوپی اُٹھائی، صاف کی اور نانا جان کو ٹوپی دیتے ہوئے بولا،'' یہ لیجیے آپ کی ٹوپی اور یہ ٹماٹر کی ٹوکری مجھے دے دیں میں اسے گھر پہنچا دوں گا۔'' جان ٹوپی کو دیکھ کر خوش ہو گئے اور ٹماٹر کی ٹوکری احمد کو دے دی۔'' بہت شکریہ احمد بیٹا، میری مدد کرنے کے لئے۔'' نانا جان نے احمد سے کہا۔ اور دونوں گھر کی طرف چل دیئے۔

(زندگی گزارنے کی مہارتیں: دوسروں کی فکر۔ مسئلہ حل کرنا)

## ''ج'' کی کہانی

جمال اور جاوید دونوں دوست تھے۔ ایک دن دونوں نے پروگرام بنایا کہ کسی دن وہ جیپ پر سیر کرنے چلیں گے۔ ایک دن دونوں جیپ میں بیٹھ کر سیر کرنے چل پڑے اُنھیں ایک چھوٹا سا جہاز اُڑتا ہوا نظر آیا۔ جاوید نے جمال سے کہا: چلو چلو جہاز کے ساتھ ساتھ چلتے ہیں۔ چنانچہ وہ جہاز کے ساتھ ساتھ چلنے لگے۔ تھوڑی دیر بعد وہ جہاز جنگل کی طرف مُڑ گیا۔ وہ دونوں بھی اُسکے پیچھے پیچھے جنگل کی طرف مڑ گئے۔ وہ جیسے جیسے جنگل میں آگے بڑھے اندھیرا بڑھتا گیا۔ جنگلی جانوروں کی آوازیں آنے لگیں۔ درختوں پر مکڑیوں کے بڑے بڑے جالے لگے ہوئے تھے۔ دونوں کو مزہ تو بہت آ رہا تھا مگر ڈر بھی لگ رہا تھا۔ جاوید نے جمال سے کہا: جمال چلو جنگل سے باہر نکلتے ہیں بہت دیر ہو گئی ہے۔ لیکن جب وہ واپس جانے کے لئے مُڑے تو راستہ بھول کر اِدھر اُدھر بھٹکنے لگے۔ دونوں پریشان ہو گئے کہ اب ہم واپس گھر کیسے جائیں گے۔ اچانک انھوں نے دیکھا جیسے روشنی خود بخود ان کے پاس آ رہی ہو۔ وہ ڈر گئے اور رونا شروع کر دیا۔ اچانک انھیں آواز آئی۔ ڈرومت دوستوں میں تمھیں نقصان نہیں پہنچاؤں گا۔ میں تو ایک جگنو ہوں اور روشنی پھیلاتا ہوں۔ تم لوگ کون ہو اور یہاں کیسے آئے؟ جمال بولا: میں جمال اور یہ میرا دوست جاوید ہے۔ ہم دونوں سیر کو نکلے تھے اور اپنا رستہ بھول گئے۔ اب ہم گھر کیسے جائیں گے۔ جگنو نے کہا: پریشان کیوں ہوتے ہو میں ہوں نا۔ جاوید بولا: لیکن تمھاری روشنی تو بہت کم ہے۔ جگنو بولا فکر نہ کرو میں اپنے ساتھیوں کو بلاؤں گا اور ہم سب مل کر تمھیں رستہ دکھائیں گے۔ جگنو نے سب ساتھیوں کو جمع کیا اور وہ سارے جیپ کے آگے اُڑنے لگے۔ جمال اور جاوید اُنکے پیچھے چلتے رہے یہاں تک کہ جنگل سے باہر نکل آئے۔ دونوں نے جگنو کا شکریہ ادا کیا۔

(زندگی گزارنے کی مہارتیں: دوسروں کی نکر کرنا۔ مسئلہ حل کرنا)

# فہرست


'ب' کی کہانی ____ 1
'ب' کی پہچان ____ 2
'ب' کی مشق ____ 3
'پ' کی کہانی ____ 4
'پ' کی پہچان ____ 5
'پ' کی مشق ____ 6
'ت' کی کہانی ____ 7
'ت' کی پہچان ____ 8
'ت' کی مشق ____ 9
'ٹ' کی کہانی ____ 10
'ٹ' کی پہچان ____ 11
'ٹ' کی مشق ____ 12
'ب'، 'پ'، 'ت' اور 'ٹ' کا اعادہ ____ 13
'ج' کی کہانی ____ 14
'ج' کی پہچان ____ 15
'ج' کی مشق ____ 16
'چ' کی کہانی ____ 17
'چ' کی پہچان ____ 18
'چ' کی مشق ____ 19
'ح' کی کہانی ____ 20
'ح' کی پہچان ____ 21
'ح' کی مشق ____ 22
'خ' کی کہانی ____ 23
'خ' کی پہچان ____ 24
'خ' کی مشق ____ 25
'ج'، 'چ'، 'ح' اور 'خ' کا اعادہ ____ 26
'د' کی کہانی ____ 27
'د' کی پہچان ____ 28
'د' کی مشق ____ 29
'ڈ' کی کہانی ____ 30
'ڈ' کی پہچان ____ 32
'ڈ' کی مشق ____ 32
'ر' کی کہانی ____ 33
'ر' کی پہچان ____ 34
'ر' کی مشق ____ 35
'ز' کی کہانی ____ 36
'ز' کی پہچان ____ 37
'ز' کی مشق ____ 38
'د'، 'ڈ'، 'ر' اور 'ز' کا اعادہ ____ 39
'س' کی کہانی ____ 40
'س' کی پہچان ____ 41
'س' کی مشق ____ 42
'ش' کی کہانی ____ 43
'ش' کی پہچان ____ 44
'ش' کی مشق ____ 45
'ع' کی کہانی ____ 46
'ع' کی پہچان ____ 47
'ع' کی مشق ____ 48
'غ' کی کہانی ____ 49
'غ' کی پہچان ____ 50
'غ' کی مشق ____ 51
'س'، 'ش'، 'ع' اور 'غ' کا اعادہ ____ 52
'ف' کی کہانی ____ 53
'ف' کی پہچان ____ 54
'ف' کی مشق ____ 55
'ق' کی کہانی ____ 56
'ق' کی پہچان ____ 57
'ق' کی مشق ____ 58
'ک' کی کہانی ____ 59
'ک' کی مشق ____ 60
'ک' کی پہچان ____ 61
'گ' کی کہانی ____ 62
'گ' کی پہچان ____ 63
'گ' کی مشق ____ 64
'ف'، 'ق'، 'ک' اور 'گ' کا اعادہ ____ 65
'ل' کی کہانی ____ 66
'ل' کی پہچان ____ 67
'ل' کی مشق ____ 68
'م' کی کہانی ____ 69
'م' کی پہچان ____ 70
'م' کی مشق ____ 71
'ن' کی کہانی ____ 72
'ن' کی پہچان ____ 73
'ن' کی مشق ____ 74
'ہ' کی کہانی ____ 75
'ہ' کی پہچان ____ 76
'ہ' کی مشق ____ 77
'ل'، 'م'، 'ن' اور 'ہ' کا اعادہ ____ 78
'ا' کی کہانی ____ 79
'ا' کی پہچان ____ 80
'ا' کی مشق ____ 81
'و' کی کہانی ____ 82
'و' کی پہچان ____ 83
'و' کی مشق ____ 84
'ی' کی کہانی ____ 85
'ی' کی پہچان ____ 86
'ی' کی مشق ____ 87
'ے' کی کہانی ____ 88
'ے' کی پہچان ____ 89
'ے' کی مشق ____ 90
'ا'، 'و'، 'ی' اور 'ے' کا اعادہ ____ 91
آوازوں کا اعادہ ____ 92-93

# اردو سلسلہ ابتدائی سال اوّل

تتلی اور دوست کی عملی کتابوں کی انوکھی شکل ان کی نمایاں خصوصیات کی صرف ایک خاص بات ہے۔ دوسری خاص بات کہانیوں کے ذریعے بچوں کو مختلف تصوّرات سکھانا ہے۔ بچوں کو دلچسپ اور آسان انداز میں سکھانے کے لیے پانچ خاص کردار تخلیق کیے گئے ہیں۔ان کرداروں کی بدولت بچے مشکل تصوّر بھی با آسانی سمجھ لیتے ہیں۔اس سلسلے کی ہر کتاب نئے اور تصحیح کردہ بین الاقوامی تعلیمی اہداف پر مشتمل ہے۔ ان کتابوں میں بچوں کو زبان سکھانے کے لیے (سننے، بولنے، پڑھنے، لکھنے) کی کثیر سرگرمیاں دی گئی ہیں۔

ملک کے نامور مصوّروں نے ان کتابوں میں دیدہ زیب اور دلچسپ تصاویر اور آرٹ تخلیق کیا ہے۔ ان کتابوں کے لیے آپ کے قریبی ایسٹ (EAST) کے دفتر میں مکمل تعلیمی معاونات کا سیٹ اور اساتذہ کی تربیت دستیاب ہے۔ اس کے علاوہ ہمارے تجربہ کار ٹرینرز سے آن لائن ٹریننگ بھی حاصل کی جا سکتی ہے۔


**جملہ حقوق محفوظ ہیں۔**

اِس کتاب کا کوئی حصہ نقل، فوٹو کاپی، محفوظ یا ترسیل کرنے کی اجازت نہیں۔ پاکستان میں شائع کی گئی۔



ہیڈ آفس:
B-29 ، بلاک 3، گلشنِ اقبال، کراچی۔
021-34990387, +92 335 2030338
http://east.education

| | |
|---|---|
| کراچی: | 021-34970331, +92 334 1009838 |
| لاہور: | 042-37111256, +92 312 4685035 |
| اسلام آباد: | +92 343 3552713 |
| سیالکوٹ: | +92 332 8600983 |
| فیصل آباد: | +92 321 6677645 |
| ملتان: | +92 334 6126479 |
| گوجرانوالہ: | +92 301 8645707 |
| اسکردو: | +92 346 8484149 |
| حیدرآباد: | +92 336 1863665 |

اردو سلسلہ ابتدائی سال اوّل

EAST
MONTESSORI & PRIMARY
CURRICULUM
عالمی معیار، مسلم اقدار

